بچی کا نام ماہرہ رکھنا

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2833

تاریخ اجراء: 25ذوالحجۃالحرام1445ھ/02جولائی2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا بچی کا نام ماہرہ رکھ سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بچی کا نام ماہرہ رکھ سکتے ہیں۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ:

ماہرہ، ماہر کی مؤنث ہے، لغات میں ماہر کے مختلف معنی بیان کیے گئے ہیں، جیسے حاذق، اچھا تیرنے والا، کاملِ فن، واقف کار، تجربہ کار وغیرہ، ان معانی کے لحاظ سے بچی کا نام ماہرہ رکھنے میں حرج نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنھن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شاملِ حال ہو گی۔

المنجد میں ہے" الماھر: حاذق، اچھا تیرنے والا۔(المنجد، ص857، مکتبہ قدوسیہ، لاہور)

فیروز اللغات میں ہے" ماہر: کامل فن، زیرک، تیز فہم، واقف کار، تجربہ کار۔(فیروز اللغات، ص1251، فیروز سنز، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:" تسموا بخیارکم " ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔"(بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net